Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. تحصیلی محرکات کی تعریف کریں.

Ans 1: تحصیک محرک سبقت لے جانے کی ضرورت کا دوسرانام ہے.اس محرک کا وجود ابتدائی بچپن سے ہی پایا جاتا ہے.بہن بھائیوں میں مطابقت اور رشک تحصیل محرک کی غمازی کرتے ہیں.

Q2. جارحیت کے محرک سے کیا مرا دہے؟

Ans 1: جارحیت کے محرک میں تشدد او جسمانی طاقت کے ذریعے دوسرے افراد پر غلبہ حاصل کیا جاتا ہے،حیاتیاتی اور حیوانی مطالعوں سے یہ شواہد ملتے ہیں کہ گوشت خور،سبزی خور جانداروں کی نسبت زیادہ پر تشدد اور جارح واقع ہوتے ہیں.

Q3. بنیادی محرکات کی تعریف کریں.

Ans 1: بنیادی محرکات کو ابتدائی حیاتیاتی ،عضویاتی اور غیر آموزشی محرکات بھی کہا جاتا ہے،یہ بقا کے لیے ضروری ہے،ان محرکات کی تشفی کے بغیر نامیات کی بقا نا ممکن ہے.

Q4. جسئی محرک میں کون سے غدود متحرک ہوتے ہیں؟

Ans 1: مردانہ جنسی محرک ٹیسٹو سیٹرون اور زنانہ جنسی محرک الیسٹروجن کے غدود پر متحرک ہوتے ہیں.

Q5. طاقت کا محرک کیوں ضروری ہے؟

Ans 1: طاقت کا محرک اس لیے ضروری ہے کہ محرک نہ صرف بنیادی ضروریات کی تکمیل کرتا ہے بلکہ نفسیاتی تشفی بھی فراہم کرتا ہے.

Q6. محرک ہمارے کردارکو کیسے متعین کرتے ہیں؟

Ans 1: محرک ہمارے کردار کو متعین کرتے ہیں کیونکہ افراد کے زور مرہ کے معمولات ردعمل محرکاتی کردار پر مبنی ہوتے ہیں،زندگی میں محرکات کا اثر گونا ناگوں ہے،زندگی میں مختلف کرداری نمونے محرکاتی عمل کا نتیجہ ہوتے ہیں.ہم زندگی میں تعلیم معیار زندگی،سماجی و اقتصادی مرتبہ اور صحت کو بہتر بناتے ہیں صرف اس لیے کہ ان سب کے پیچھے محرکاتی عمل کارفرما ہوتا ہے.

Q7. سپئیر مین کا ذہانتی ماڈل تحریر کریں.

Ans 1: سپئیر مین کے ذہانتی ماڈل کے مطابق فرد ایک سے زیادہ ذہانتی کاموں میں یا ماحول یا بہت سی ذہنی کاموں سے اوسطاً اچھی کارگردگی دکھا تا ہے.

Q8. ثانوی محرک سے کیا مرا دہے؟

Ans 1: بنیادی طور پر ہر ثانوی یا اکتسابی محرکات ابتدائی محرکات کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں.ثانوی محرکات سماجیانے کے عمل کے لیے ازحد ضروری ہیں. کوئی ثقافت اپنا حسن اور تنوع ان کے بغیر قائم نہیں رکھ سکتی.

Q9. ہم پانی کیوں پیتے ہیں؟

Ans 1: ہم پانی اس لیے پیتے ہیں کیونکہ ہمارے خلیوں میں مائع کی کمی ہو جاتی ہے جس کے تحت ہمارا منہ خشک اور جسم میں خون گاڑھا ہوجاتا ہے، ایسی حالت میں ہمارے گردے رہنن نالی اینزا ئمز خارج کرتے ہیں جس سے پیاس محسوس ہوتی ہے.

Q10. وابستگی کے محرک کی وضاحت کریں.

Ans 1: انسانی فطری لحاظ سے معاشرتی سماجی حیوان ہے اسے اطمینان کے ساتھ زندہ رہنے کے لیے معاشرے یا سماج کی ضرورت ہوتی ہے،.یہ سماج ہی ہے کو وابستگی کا احساس مہیا کرتا ہے افراد میں وابستگی کے محرک کے تحت اہم احساسی کا تصور ملتا ہے.